بی۔ آر۔ فلمز کا

गुमराह

گمراہ

اداکار

سنیل دت۔ مالا سنہا

اشوک کمار

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اسٹار کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گمراہ فلم کے گانے

نمبر ۱

ان ہواؤں میں، ان فضاؤں میں
تجھ کو میرا پیار پکارے آجا آجا رے
رک نہ پاؤں میں، کھنچی آؤں میں
دل کو جب دلدار پکارے
آجا آجا رے تجھ کو میرا پیار پکارے
تجھ سے رنگت تجھ سے مستی ۔۔ ان پھولوں میں ان کلیوں میں
تیرے دم سے میری ہستی ۔ جھومے جانے کن جھولوں میں
بھولی جائیں سوچ امنگیں ۔ دو باہوں کا ہار پکارے
آجا آجا رے ۔۔۔
دل میں تیرے دل کی دھڑکن ۔ آنکھوں میں تیری آنکھ کا جادو
لب پر تیرے لب کے نغمے ۔ سانس میں تیرے سانس کی خوشبو
زلفوں کا ہر پیچ بلائے ۔ آنچل کا ہر تار پکارے
آجا آجا رے ۔۔۔
دکھ بلائیں سر پر ٹوٹیں ۔ جب یہ مہمانا سا لمحہ نہ چھوٹے
تن سے جیسے جان چھوٹ جائے ۔ ہاتھ سے تیرا ہاتھ نہ چھوٹے
مر کے نکلنا ٹھیک نہیں ہے ۔ اب چاہے سنسار پکارے
آجا آجا رے

گانا نمبر ۳ — ایک تھی لڑکی میری سہیلی
ساتھ پلی اور ساتھ ہی کھیلی
پھولوں جیسے گال تھے اس کے ۔ ریشم جیسے بال تھے اس کے
ہنستی تھی اور گاتی تھی وہ ۔ سب کے من کو بھاتی تھی وہ
جھالر دار سکرٹ پہن کے
جب چلتی تھی وہ بن ٹھن کے
ہم اسکو گڑیا کہتے تھے ۔ رنگوں کی پڑیا کہتے تھے
سارے سکول کی پیاری تھی وہ ۔ ننھی راجکماری تھی وہ
اک دن اس نے بھولے پن میں
پوچھا اپنے بابا سے چل کے
اب میں خوش رہتی ہوں جیسے ۔ خدا ہی کیا جب ہونگی ایسے
بابا بولے میری بچی ۔ بات بتاؤں تجھ کو سچی
کل کی بات نہ کوئی جانے
کہتے ہیں یہ سبھی سیانے
مت سوچو کل کیا ہوگا ۔ جو بھی ہوگا اچھا ہوگا
بچپن بیتا آئی جوانی ۔ لڑکی بن گئی دیپ کی رانی
کالج میں اٹھلاتی پھرتی
مل کھاتی لہراتی پھرتی
اک سندر چنچل لڑکے نے ۔ چھپ چھپ کر چپکے چپکے
لڑکی کی تصویر بنائی
اور یہ کہہ کر اسے دکھائی

اس پر اپنا نام تو لکھ دو ۔ جھوٹا سا پیغام تو لکھ دو
لڑکی پہلے تو شرمائی ۔ پھر من ہی من میں مسکائی
بولی اک تصویر تمہاری
میں نے بھی ہے دل میں اُتاری
بولو اس پر نام لکھیں گے ۔ تم بھی کچھ پیغام لکھو گے
لڑکا بولا نام بھی اک ہے ۔ اب اپنا پیغام بھی اک ہے
اب وہ دونوں گاتے پھرتے
مستی میں لہراتے پھرتے
اک دن اس نے بھولے پن سے ۔ پوچھا یہ اپنے سجن سے
اب میں خوش رہتی ہوں جیسے ۔ سدا ہی کیا خوش رہونگی ایسے
اُس نے کہا کہ میری رانی
اپنی بات ہے میں نے جانی
کل کی بات نہ کوئی جانے ۔ کہتے ہیں یہ سبھی سیانے
یہ مت سوچو کل کیا ہوگا
جو بھی ہوگا اچھا ہوگا
گانا نمبر۳:۔ اک پردیسی دُور سے آیا
لڑکی پر حق اپنا جتایا
گھر والوں نے حامی بھر دی ۔ پردیسی کی مرضی کر دی
پیار کے وعدے ہوئے نہ پورے ۔ رہ گئے سارے خواب ادھورے
چھوڑ کے سا تھی اور ہمسائے
جلدی لڑکی دیس پرائے

دو باہوں کے ہار نے روکا ۔ وعدوں کی دیوار نے روکا
گھائل دل کا پیار پکارا ۔ آنچل کا منہ زار پکارا

پر لڑکی کچھ منہ سے نہ بولی
بنجھ بن کر غیر کی ہو لی

اب گم سم حیران سی ہے وہ ۔ مجھ سے بھی انجان سی ہے وہ
جب بھی دیکھو چپ رہتی ہے ۔ کہتی ہے تو یہ کہتی ہے

کل کی بات نہ کوئی جانے
کہتے ہیں یہ سبھی سیانے
یہ مت پوچھو کل کیا ہوگا
جو بھی ہوگا اچھا ہوگا

گانا نمبر ۴:— ان سوا دکھ ہیں ان تقدیر میں
تجھ کو میرا پیار پکارے آجا آجا رے
ٹوٹ رہی ہیں میری امیدیں ۔ دیواروں سے سر ٹکرا کے
ہاتھ پکڑ کر چلنے والے ۔ سو گئے رشتہ ناتہ جوڑ کے

ان کو کچھ بھی یاد نہیں ہے
اب کوئی سو بار پکارے

علم نہیں تھا اتنی جلدی ۔ ختم فسانے ہو جائیں گے
تم بیگانے بن جاؤ گے ۔ ہم دیوانے ہو جائیں گے

کل باہوں کا ہار ملا تھا
آج اشکوں کا ہار پکارے

آجا آجا رے تجھ کو میرا پیار پکارے

دُنیا کے ہر جسے دل کی دُنیا۔ پیار کے جھولے جھولنے والے
تم ہو بن کر یوں چھپ کہیں ہو
مشکل
مجھ کیہ آؤ مجھے لینے والے
اِک بیراگی یاد آئے۔ اِک کو نہ اقرار بلائے
آجا آجا رے

یہ ہوا یہ فضا۔ ہے اُداس جیسے میرا دل
آ بھی جا۔ آ بھی جا۔ آ بھی جا
آ بھی جا کہ اب تو چاندنی بھی زرد ہو چلی
دھڑکنوں کی نرم آنچ سرد ہو چلی
ڈھل چلی ہے رات آکے مل ۔۔۔ آ بھی جا
راہ میں بچھی ہوئی ہے میری ہر نظر
میں تڑپ رہا ہوں اور تو ہے بے خبر
رُک رہی ہے سانس آکے مل ۔۔۔ آ بھی جا

گانا نمبر ۸۔ چلو اِک بار پھر سے۔ اجنبی بن جائیں ہم دونوں
نہ میں تم سے کوئی اُمید رکھوں دل نوازی کی
نہ تم میری طرف دیکھو غلط انداز نظروں سے
نہ میرے دل کی دھڑکن لڑکھڑائے میری باتوں میں
نہ ظاہر ہو تمہاری کشمکش کا راز نظروں سے چلو ۔۔۔
تمہیں بھی کوئی اُلجھن روکتی ہے پیش قدمی سے
مجھے بھی لوگ کہتے ہیں کہ یہ جلوے پرائے ہیں
میرے ہمراہ بھی رسوائیاں ہیں میرے ماضی کی

تمہارے ساتھ بھی گزری ہوئی راتوں کے سائے ہیں۔ چلو۔

تعارف روگ ہو جائے تو اُس کو بھولنا بہتر

تعلق بوجھ بن جائے تو اُس کو توڑنا اچھا

وہ افسانہ جسے انجام تک لانا نہ ہو ممکن

اُسے اک خوبصورت موڑ دے کر چھوڑنا اچھا۔ چلو ۔

گانا نمبر ۲ ۔ آپ آئے تو خیالِ دلِ ناشاد آیا

کتنے بھولے ہوئے زخموں کا پتا یاد آیا

آپ کے لب پہ کبھی اپنا بھی نام آیا تھا

شوخ نظروں سے محبت کا سلام آیا تھا

عمر بھر ساتھ نبھانے کا پیام آیا تھا

آپ کو دیکھ کے وہ عہدِ وفا یاد آیا

کتنے بھولے ہوئے ۔

روح میں جل اُٹھے بجھتی ہوئی یادوں کے دیئے

کیسے دیوانے تھے ہم آپ کو پانے کے لئے

یوں تو کچھ کم نہیں جو آپ نے احسان کئے

پر جو مانگے سے نہ پایا وہ صلہ یاد آیا ۔ کتنے بھولے ۔

آج وہ بات نہیں پھر بھی کوئی بات تو ہے

میرے حصے میں یہ ہلکی سی ملاقات تو ہے

غیر کا ہو کے بھی یہ حسن مرے ساتھ تو ہے

ہائے کس وقت مجھے کب کا گلہ یاد آیا ۔ کتنے بھولے ۔

ختم شد

صنعت و حرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائڈ	4/-/1 -	کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/1 -
درنشاب گائڈ	4/-/1 -	مکمل فوٹوگرافی	2/8/- -
موٹر گائڈ	4/-/1 -	روشنائی سازی	2/-/1 -
کروڈ آئیل	5/-/1 -	حلیو رنٹ بیو	1/8/- -
تیل عطر سازی	2/-/1 -	شیشہ سازی	2/-/1 -
گھڑی سازی	2/8/- -	اچار مربے چٹنی	1/8/- -
ربڑ کو کابلد	4/-/1 -	باورچی خانہ	2/8/- -
صابون سازی	1/8/- -	مجموعہ فالنامہ	1/-/1 -
وشتلہ بادبیں	4/-/1 -	ٹریکٹر گائڈ	4/-/- -
الیکٹرک وائرنگ	4/-/1 -	لکڑی پیمائش چوب	1/4/- -
ہیرا تراشنا	3/-/1 -	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/- -
آئیل انجن گائڈ	5/-/1 -	گلشنکاری باغبانی	4/-/- -
مکمل مرغی خانہ سہ حصہ	4/-/1 -	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/- -
تمباکو کی دکان	2/-/1 -	بغیر بجلی کے ریڈیو بنانا	1/8/- -
بوٹ پالش بنانا	2/8/- -	آسان انگلش ٹیچر	2/-/1 -
سنیما مشین آپریٹو	4/-/1 -	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

زادہ آباد پریس دہلی